# ادبیات

## سلام

(تاباں القادری)

جلوۂ صبحِ بہاراں السّلام　　رونقِ شامِ گلستاں السّلام
السلام اے ماہِ ذیشاں السّلام　　السلام اے نورِ یزداں السلام
السلام اے رہنمائے راہِ دیں　　السلام اے قبلۂ اہلِ یقیں
ناخدائے کشتیٔ ایماں اسلام　　ردِ کلفت، دافعِ عصیاں سلام
ساقیٔ مے خانۂ وحدت سلام　　فخرِ مومن نازشِ ملت سلام
السلام اے چشمۂ جود و سخا　　السلام اے منبعِ لطف و عطا
ساغرِ رندانِ الفت السّلام　　جامِ صہبائے صداقت السّلام
ابرِ رحمت ظلِ سبحانی سلام　　بارشِ الطافِ ربانی سلام
السلام اے پرتوِ مطلوبِ دل　　السلام اے جلوۂ محبوبِ دل
السلام اے ماہِ ذیشاں السّلام　　السلام اے جانِ تاباں السّلام

## "شاہی ویرانوں میں ایک رات"

(شمس نوید)

اُف یہ شاہانِ اودھ کے مرمریں محلوں کا حال　　عظمتِ رفتہ کے دھندلائے نشاں ۔ ٹوٹے کھنڈر

وہ حقیقت جو تھی زندہ سیم و زر کے درمیاں آج اُس پر رہ گئے ہیں نوحہ خواں — ٹوٹے کھنڈر
یہ کھنڈر کی رات پُر اسرار آسیبی سکوت ہیں مرے ذوقِ تخیل کے لئے لذت فروش
اُکھڑ رہا ہے چاند شانوں پہ سے کرنوں کا جال کر رہی ہیں ظلمتیں دہشت میں فریاد و خروش

یہ شکستہ سقف دیواروں کی لاشیں بے کفن یہ خمیدہ بام و در کی پشت پر برسوں کا بار
سرد و گرمِ زندگی کی کشمکش دیکھے ہوئے یہ عناصر کی سراب آسا بلندی کا مزار

وہ دریچے گرد سے بوجھل پڑے ہیں منہدم جن میں نازک ریشمی پردے تھے آویزاں کبھی
اونچی اونچی منزلیں گر کر بنیں انبارِ خاک جن میں روشن تھا چراغِ سطوتِ انساں کبھی!

جس میں نسوانی ہنسی کی نغمگی بیدار تھی اس کے سناٹے میں جھینگر بولتے ہیں بیقرار
جس فضا میں تھے سہانے خواب آوارہ کبھی اُڑ رہی ہیں اب وہاں چمگادڑیں دیوانہ وار

اس کھنڈر کو لیکن اے انساں ابھی "ویراں" نہ کہہ کیا تجھے اس کے پسِ پردہ کشش چھوتی نہیں؟
موت پر محمول مت کر اس سمندر کا سکوت چھپ گیا جس کا تلاطم بن کے موجِ تہ نشیں

زینتِ ایواں کبھی جو تھے بقیدِ آب و گِل بہہ گئے سیلابِ فنا میں وہ حسیں منظر گئے
چھوڑ کر روحوں کا لافانی سکوتِ رازدار مرنے والے مادّی اجسام آخر مر گئے

دیکھتا ہوں آج بھی ہنگامۂ ہستی یہاں! اب بجائے جسم روحوں کا تسلط ہے مگر
بن گئی ہے زندگی ایسا سکونِ جاوداں جس میں اُمیدوں کی شورش اور نہ مایوسی کا ڈر

سچ بتا اے وقت ان گذرے ہوئے لمحوں کا حال جب یہ ویرانہ تھا قصرِ مرمریں شہریار
کیا وہ عشرت گاہ میں پروان چڑھتی زندگی
تھی کبھی ایسے سکونِ جاوداں سے ہمکنار؟